P.R.NO.01/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات اوران کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔

میڈیا اس بارے میں عوامی آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اعجاز احمد قریشی

رواں سال میں دوردراز علاقوں میں عوامی رسائی کو مزید بڑھانے کے عزم کا اظہار

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی اخبار نویسیوں سے گفتگو

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ ان کے ادارے میں سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات اوران کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے، اب مظفر آباد آزاد کشمیر اور گلگت میں دو نئے دفاتر قائم ہونے کے بعد ملک بھر کے 24 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کر رہا ہے، جب کہ اس سال بھی دوردراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر کھولے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا ہمارا اہم اسٹیک ہولڈر ہے، میڈیا محتسب کے بارے میں عوامی آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سال 2024ء کے دوران دولاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کیئے گئے جو گزشتہ سال سے 16 فیصد زیادہ ہیں جب کہ اس سال دولاکھ 26 ہزار 371 شکایات موصول ہوئیں۔ 92.9 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہوگیا ہے۔ ہم نے اپنے فیصلوں پر 100 فیصد عملدرآمد کا تہیہ کر رکھا ہے۔ 1983ء سے لے کر اب تک 23 لاکھ خاندان اس ادارے کی خدمات سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سال کے دوران ہمارے انوسٹی گیشن افسران نے ملک کے دوردراز علاقوں میں خود جا کر 126 کھلی کچہریاں لگائیں، جس سے شکایت کنندگان کو سفر کی صعوبت بھی نہیں اٹھانا پڑی اور انہیں گھر کی دہلیز پر انصاف مل گیا۔ یہ باتیں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے نئے سال کے آغاز پر گزشتہ روز اخبار نویسوں سے غیر رسمی گفتگو کے دوران بتائیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے ادارے کے انوسٹی گیشن افسران اور وفاقی سرکاری اداروں کے سربراہان کو ہدایت کر رکھی ہے کہ وہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو کم سے کم وقت میں یقینی بنانے کے لئے اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، سرکاری افسران کو غریب لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔ وفاقی محتسب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ہمارے افسران کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں، معائنہ ٹیموں کے مختلف سرکاری اداروں کے دوروں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث ہر سال شکایات میں اضافہ ہورہا ہے۔ انہوں نے عوام الناس میں آگاہی پیدا کرنے میں میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا بھرپور تعاون جاری رکھیں تا کہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارے کے ذریعے جلد اور مفت ریلیف حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ محتسب کے بین الاقوامی اداروں میں وفاقی محتسب کا نمایاں کردار ہے۔ گزشتہ برس انہوں نے استنبول (ترکی) میں اے او اے کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 25 ویں اجلاس کی صدارت کی اور ہانگ کانگ میں محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس میں کلیدی خطاب کیا۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

14 جنوری 2025ء